بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ . نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ

عہد سلیمانی

لے لو ملتا ہے گوہر مقصود
پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی

دعاءِ برہتی کو عہدِ سلیمانی کہتے ہیں۔ یہ وہ عہد ہے جو حضرت سلیمانؑ نے اپنی سلطنت واپس آنے کے وقت سریانی زبان کے عظیم القدر ان اسماء جو تمام اسماء اور عزائم پر فضیلت رکھتے ہیں۔ کے ساتھ کل جنات سے عہد لیا تھا۔ تمام ارواح روحانیات وموکلات علوی وسفلی ۔تمام جنات وشیاطین ان اسماء کے تابع ہیں جو شخص ان اسماءِ الٰہی کے ساتھ دعا کرتا ہے۔ تمام ملائک اور روحانیات اس کی اجابت کو بہت جلد حاضر ہوتے ہیں اور ہر قسم کی خدمت کرتے ہیں ان اسماء کے حکم سے کوئی پیچھے نہیں رہ سکتا۔

امام غزالی علیہ رحمت فرماتے ہیں کہ یہ اسماء اعمالِ روحانی کے ہر عمل میں کام آتے ہیں۔ ان سے بڑھ کر کوئی عزیمت نہیں ہے۔ لکھنے والے اگر اس عہد کے خواص میں بڑی بڑی کتابیں بھی لکھ ڈالیں تب بھی اس کے پورے خواص وفوائد نہ لکھ سکیں۔

جو شخص اس عہد سلیمانی دعاءِ برہتی کو اپنے عمل میں لے آئے اس کو پھر کسی اور عمل کی ضرورت نہیں رہتی۔ وہ اس سے ہر قسم کے خیر وشر کے عمال کر سکتا ہے۔

عمل کرنے کا طریقہ

طالب کو چاہیئے کہ عمل کرنے سے پہلے ایک ہلکا سا مسہل ضرور لے۔ تاکہ گندم کی کثافت پیٹ سے نکل جائے۔ مسہل کا نسخہ یہ ہے۔ سنا مکی۔ مصطگی۔ گلاب کے پھول کی پتیاں۔ مویز منقیٰ دانے نکلے ہوئے۔ چاروں ہم وزن جوش کر کے قدرے شکر سرخ ملا کر نیم گرم نوش کریں ایک دو اسہال آ کر پیٹ اور آنتیں صاف ہو جائینگی۔

ایامِ ریاضت میں خاص غذا کا استعمال کریں جس کی ترکیب یہ ہے۔ ایامِ ریاضت کی خوراک کے مطابق جو کا آٹا چھانکر اس کے چوتھائی وزن روغن زیتون آگ پر رکھکر جوش دیں۔ پھر آٹا اس میں ڈالکر بریاں کریں۔ اور اس کے موافق شہد ملا کر ٹکیاں بنا کر ایامِ ریاضت میں اس سے روزہ افطار کیا کریں مگر خوب پیٹ بھر کر نہ کھائیں۔ اسی طرح سحری بھی کیا کریں۔ اور اول دعوت برہتی کو کسی برتن میں لکھ کر دھو کر اس سے روزہ افطار کریں پھر ٹکیاں کھائیں۔ اور ان ایام میں گوشت، مچھلی، دودھ، گھی، دہی، مکھن، انڈا، پیاز، تھوم، ہینگ، تمام بودار چیزیں بالکل ترک کر کے جلالی و جمالی پرہیز مکمل کرے اور کوئی چیز نہ کھائے صرف وہی جو کی ٹکیا کھائے، کشمش کھجور بھی کھا سکتا ہے۔

فحش بکنا۔ بازاروں میں پھرنا۔ لغو کلام چھوڑ کر خالی مکان میں گوشہ نشین ہو جائے۔ اور وقت پر نماز ادا کر کے ہر فرض نماز کے بعد

دعوت برہتی کو پینتالیس (۴۵) مرتبہ پڑھ کر موکلات کو اپنی اطاعت اور حاجت کا حکم کرے یہاں تک کہ سات روز پورے ہو جائیں۔ پس تم دعوت برہتی کے عامل ہو گئے ہو اب روزانہ اس کو پینتالیس (۴۵) مرتبہ پڑھا کرو تا کہ عمل قابو میں رہے۔

دعوت برہتی یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيَّتُهَاالْاَ رْوَاحُ الرُّوْ حَانِيَّةُ الْعَلْوِيَّةُ وَالسِّفْلِيَّةُ وَ خُدَّامُ هٰذَاالْعَهْدِ الْكَبِيْرِ اَنْ تُجِيْبُوْا دَعْوَتِيْ وَتَقْضُوْا حَاجَتِيْ بِعِزِّهٖ بَرْهَتِيَهٖ كَرِيْهٖ تَتْلِيْهٖ طُوْرَانَ مَزْجَلٍ بَزْجَلٍ تَرْقَبٍ بَرْهَشٍ غَلْمَشٍ خُوْطِيْر قَلْنَهُوْدٍ بَرْشَانٍ كَظْهِيْرٍ نَمُوْشَلْخٍ بَرْهَيُوْلَا بَشْكَيْلَخٍ قَزْمَزٍ اَنْغَلَ لِيْطٍ قَبْرَاتٍ غَيَاهَا كَيْدَهُوْلاً شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْهَاهِيْرٍ بَكْهَطْهَطْهُوْنِيَهٖ بَشَارَشٍ طُوْنَشٍ شَمْخَايَارُوْخٍ بِحَقِّ هٰذَاالْعَهْدِ الْمَاخُوْذِ عَلَيْكُمْ يَاخُدَّامُ هٰذِالْاَسْمَآءِ اَلْاِنْقِيَادُ فِيْمَآ اُمِرْتُمْ بِهٖ بِعِزَّةِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْمُعْتَزِّ فِيْ عِزِّعِزِّهٖ وَاَ وْفُوْابِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَاعَا هَدْ تُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ كَفِيْلاً وَبِحَقِّ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَالسَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا وَاسْمَعُوْا وَاطِيْعُوْا وَكُوْنُوْ عَوْ نًا لِيْ عَلٰى جَمِيْعِ مَااُمِرْتُمْ بِهٖ.

اور کام جو کرنا ہو یا موکل و جنات کے بادشاہ کو حاضر کرنا ہو اس کا نام لے ہر کام کے لیے یہی مقام ہے۔

بِحَقِّ الْاِسْمِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اِحْتَرَقَ مَنْ عَصٰى اَسْمَاءِ اللّٰهِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ عَزَّمْتُ بِعَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الَّتِيْ عَاهَدْتُمْ بِهَا عِنْدَ بَابِ الْهَيْكَلِ الْكَبِيْرِوَمَنْ يُعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا. وَبِحَقِّ اَهْيًا شَرَاهْيًااَذُوْنَايْ اَصْبَائُوْتُ اٰلِ شَدَّايْ وَاِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ اَهْيًا اَهْيًا اَلْعَجَلُ الْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَبَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ.

اگر صرف روزانہ ورد کرنا ہو تو پھر مَااُمِرْتُمْ بِهٖ کے بعد یہ کہے

وَتَوَكَّلُوْ ابِجَلْبِ الْخَيْرَاتِ وَالْاَرْزَاقِ وَالْمَنَافِعِ وَدَفْعِ جَمِيْعِ الْمُضَرَّاتَ عَنِّيْ وَعَمَّا تَحُوْطُ بِهٖ شَفْقَتُهٗ قَلْبِيْ.

ہر اسم ۲،۲ بار پڑھنا چاہیئے جیسے برھتیه برھتیه کریه کریه، دعاء برہتی کے مزید اعمال کے لئے فقیر سید محبوب علی شاہ قادری کی کتب معدن کرامت، دعوت موکلات، معدن عملیات سادات کا مطالعہ فرمائیں۔